# 105644 ـ نمازوں كے بعد انفرادى اور اجتماعى اذكار كرنے ميں فرق، اور امام كو ايسا كرنے پر مجبور كرنے كا موقف

### سوال

ہمارے شہر ميں وزارت اوقاف آئمہ مساجد كو نماز پنجگانہ كے بعد بلند آواز سے دعا كرنے كا التزام كرنے كا حكم ہے، كيا ان كے ليے ايسا كرنا جائز ہے، كچھ سلفى نوجوان امام كے دعا كرنے كے وقت اذكار مكمل كيے بغير ہى اٹھ جاتے ہيں كچھ تو اٹھ كر دو ركعت ادا كرتے ہيں اور كچھ مسجد سے ہى نكل جاتے ہيں، ليكن ميں اپنى جگہ ہى بيٹھا رہتا ہوں اور اذكار مكمل كر كے اٹھتا ہوں، اور ان كے ساتھ مل كر دعا نہيں كرتا، يعنى ميں امام كى دعا پر آمين نہيں كہتا، كيا علماء سے كسى عالم دين نے ايسا كرنے كا كہا ہے ؟
اور اگر كسى امام كو ايسا كرنے كا كہا جائے تو اسے كيا كرنا چاہيے ؟

### پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

نمازوں كے بعد اذكار كرنا اور اجتماعى ذكر كرنے ميں فرق ہے، نمازوں كے بعد اذكار كرنا سنت سے ثابت ہے اور ہمارے معاصر علماء كا بھى يہى قول ہے، ليكن يہ اذكار اور دعائيں بلند آواز سے نہيں كيے جائينگے كيونكہ ايسا كرنے ميں نماز ادا كرنے والوں كو تشويش ہوتى ہے.

اور دوسرى قسم يعنى اجتماعى طور پر اذكار كرنا بدعت ہے اس كا سنت ميں ثبوت نہيں ملتا.

شيخ عبد العزيز بن باز رحمہ اللہ سے درج ذيل سوال دريافت كيا گيا:

نماز كے بعد بيك زبان اجتماعى طور پر اذكار كرنے كا حكم كيا ہے، جيسا كہ بعض لوگ كرتے ہيں اور كيا اذكار بلند آواز سے كرنا مسنون ہيں يا پست آواز ميں ؟

شيخ رحمہ اللہ كا جواب تھا:

" نماز پنجگانہ اور نماز جمعہ سے سلام پھيرنے كے بعد جہرى آواز سے اذكار كرنا مسنون ہيں؛ اس كى دليل صحيحين كى درج ذيل حديث ہے:

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں جب لوگ نماز سے فارغ ہوتے تو بلند آواز سے اذکار کرتے "

ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: " جب میں یہ اذکار سنتا تو ان کے نماز سے فارغ ہونا معلوم کر لیتا تھا "

لیکن اجتماعی طور پر اذکار کرنا یعنی ایك دوسرے کی نقل کرتے ہوئے سب اذکار کہیں تو اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی، بلکہ یہ بدعت ہے، بلکہ مشروع تو یہ ہے کہ سب نمازی بلند آواز سے اذکار کریں اور اس میں ان کا ابتدا اور انتہاء میں سب کی آواز ملنے کا قصد نہ ہو " انتہی

دیکھیں: فتاوی الشیخ ابن باز ( 11 / 191 ).

اور شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا:

نماز کے بعد اجتماعی طور پر بلند آواز سے مسنون اذکار کرنے کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" یہ بدعت ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ثبوت نہیں ملتا، بلکہ سنت میں تو یہ وارد ہے کہ ہر انسان اپنے طور پر استغفار کرے، لیکن سنت یہ ہے کہ نماز کے بعد بلند آواز سے اذکار کیے جائیں.

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

" جب وہ نماز سے فارغ ہوتے تو ذکر بلند آواز سے کرتے جب ان سے سنتے "

یہ اس کی دلیل ہے کہ بلند آواز سے ذکر کرنا سنت ہے، لیکن آج اکثر لوگ اس کے خلاف ہیں کہ وہ اذکار پست آواز میں کرتے ہیں، اور بعض لوگ صرف لا الہ الا اللہ بلند آواز سے کہتے ہیں اور سبحان اللہ اور اور اللہ اکبر بلند آواز سے نہیں کہتے! میرے علم میں اس کی سنت میں اس میں فرق کرنے کی کوئی دلیل نہیں ملتی بلکہ سنت تو یہ ہے کہ بلند آواز سے ہو....

اہم اور راجح قول یہی ہے کہ نماز کے بعد مشروع طریقہ پر اذکار کرنے مسنون ہیں،اور اس میں بلند آواز کرنا بھی سنت ہے یعنی اتنی بلند نہ ہو کہ دوسرے کے لیے تشویش کا باعث ہو، کیونکہ ایسا نہیں کرنا چاہیے.

اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں جب لوگوں نے خیبر سے واپسی پر بلند آواز سے ذکر کرنا شروع کیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" لوگو اپنے آپ نرمی کرو "

لہذا آواز بلند کرنے سے مقصود یہ ہے کہ اس میں مشقت اور تشویش نہ ہو " انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 13 / 261 - 262 ).

اور شیخ صالح الفوزان حفظہ اللہ سے دریافت کیا گیا:

جس مسجد میں ہم نماز ادا کرتے ہیں وہاں جب نماز باجماعت ختم ہوتی ہے تو لوگ اجتماعی آواز میں استغر اللہ العظیم و اتوب الیہ کہتے ہیں، کیا یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے ؟

شیخ کا جواب تھا:

" رہا استغفار کا مسئلہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثبوت ملتا ہے کہ جب آپ نماز سے فارغ ہوتے تو صحابہ کرام کی طرف منہ کرنے سے قبل تین بار استغفار کرتے.

رہا مسئلہ استغفار کرنے کی ہیئت و شکل کا جس کا سائل نے سوال میں ذکر کیا ہے کہ اجتماعی طور پر کرتے ہیں تو یہ بدعت ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طریقہ نہیں تھا، بلکہ ہر کوئی اپنے طور پر استغفار کرتا، اور صحابہ کرام انفرادی طور پر اجتماعی آواز کے بغیر استغفار کرتے تھے، اور ان کے بعد قرون مفضلہ میں بھی یہی طریقہ رہا ہے.

لہذا سلام کے بعد فی حد ذاتہ استغفار کرنا سنت ہے، لیکن اجتماعی آواز میں کرنا بدعت ہے اس لیے اسے ترك کرنا اور اس سے دور رہنا ضروری ہے " انتہی

دیکھیں: المنتقی من فتاوی الشیخ الفوزان ( 3 / 72 ).

مزید آپ سوال نمبر ( 32443 ) اور ( 34566 ) اور ( 10491 ) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

دوم:

جب نماز کے بعد اذکار اور دعائیں بلند آواز سے پڑھنے اور اجتماعی ذکر کے درمیان فرق واضح ہو گیا تو اس سے یہ واضح ہوا کہ امام کے لیے اجتماعی طور پر بیك اور بلند آواز سے اذکار کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی اس کے لیے اجتماعی آواز کے ساتھ دعا مانگنا جائز ہے، نماز پنجگانہ کے بعد اجتماعی دعا کی بدعت دو صورتوں میں ہے:

دعا کی پہلی صورت:

سب نمازیوں کا ایک ہی آواز میں دعا کرنا ۔ چاہیے وہ نماز کے بعد والی دعائیں ہو یا دوسری ..

دوسری صورت:

امام دعا کرے اور نمازی اس کی دعا پر آمین کہیں اور نمازیوں کو اس کا علم ہو اور وہ اس کی دعا کی کا انتظار کریں.

امام شاطبی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" جب شرعی دلیل بالجملہ کسی امر کا تقاضا کرے جو مثلا عبادات کے متعلق ہو، تو مکلف بھی اس کو بالجملہ ادا کریگا، جیسے کہ اللہ کا ذکر اور دعا اور نوافل و مستحبات و غیرہ ہیں، جس کےمتعلق شارع کی جانب سے توسع کا علم ہو، تو دلیل اس کے علم کی دو اعتبار سے معاون ہو گی ایك تو معانی کے اعبتار سے، اور دوسرا اس پر سلف کے عمل کے اعبتار سے.

لہذا اگر مکلف اس امر میں کوئی مخصوص کیفیت یا مخصوص وقت یا مخصوص جگہ لائے یا کسی مخصوص عبادت کے ساتھ ملائے اور اس کا التزام کرنا شروع کر دے کہ اس سے یہ خیال ہونے لگے کہ شرعی طور پر یہ کیفیت یا جگہ یا وقت مقصود تھا لیکن اس کی کوئی دلیل نہ ہو تو وہ دلیل اس استدلال کردہ معنی سے دور ہو گی.

مثلا جب شریعت نے اللہ کا ذکر کرنا جائز کیا ہو اور کچھ لوگ اس کو بیك زبان اجتماعی طور پر کرنے لگیں یا پھر باقی سب اوقات کو چھوڑ کر کوئی وقت مخصوص کر لیں اور اس التزام کی شریعت میں جواز کی دلیل نہ ملتی ہو بلکہ شریعت میں اس کے خلاف دلیل ملتی ہو.

کیونکہ شرعی طور پر غیر لازم امور کا التزام کرنے کی شان یہ ہے کہ اس سے تشریع سمجھی جاتی ہے، اور خاص کر ایسے شخص کی جانب سے جبکہ وہ صاحب اقتدا ہو یعنی مسجد کا امام لہذا جب یہ ظاہر ہو جائے اور مساجد میں اس کو شعار بنا لیا جائے جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے شعار اور علامات وضع کي ہیں مثلا اذان اور نماز عیدین اور نماز استسقاء اور چاند یا سورج گرہن کی نماز تو بلاشك اس سے اگر اس کی فرضیت نہ سمجھی جائے تو اس کا سنت ہونا ضروری سمجھا جائیگا اس لیے یہ اس کے زیادہ قابل ہے کہ اس کو اس دلیل میں شامل نہ کیا جائے جس سے استدلال کیا جا رہا ہے، تو اس اعتبار سے یہ نئی ایجاد کردہ اور بدعت کہلائیگی.

اس بنا پر ہی سلف نے ان اشیاء کا التزام نہیں کیا، یا اس پر عمل نہیں کیا، حالانکہ اگر یہ قواعد کے مقتضی پر مشروع ہوتے تو وہ اس کے اہل بھی تھے اور زیادہ حقدار بھی؛ کیونکہ شریعت نے بہت سارے مقامات پر ذکر اور دعائیں کرنا مندوب کیا ہے، حتی کہ جتنا کثرت سے ذکر کرنا طلب کیا ہے شریعت نے اس طرح عبادات کے متعلق کثرت سے نہیں کہا.

مثلا اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو .

اور ایك مقام پر فرمان باری تعالی اس طرح ہے:

اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرو تا کہ تم کامیاب ہو سکو .

لیکن باقی سب عبادات میں اس طرح نہیں.

اور اس طرح کی دعا بھی اللہ کا ذکر ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے اس میں کیفیت کا التزام نہیں کیا، اور نہ ہی اسے مخصوص اوقات کے ساتھ مقید کیا ہے، کہ یہ محسوس ہونا شروع ہو جائے کہ یہ ان اوقات کے ساتھ مخصوص ہے لیکن جسے دلیل نےمعین کر دیا ہے مثلا صبح و شام، اور نہ ہی انہوں نے اس میں سے کچھ ظاہر کیا لیکن وہی جسے شارع نے ظاہر کرنے کا کہا ہے مثلا عیدین میں تکبیریں اور اس کے علاوہ میں وہ خفیہ اور پست آواز میں کہتےتھے..

لہذا جو بھی اس اصل کی مخالفت کریگا تو اس نے اول تو مطلق دلیل کی مخالفت کی، کیونکہ اس نے اس میں رائے کے ساتھ مقید کیا ہے، اور سلف رضی اللہ عنہم کی بھی مخالفت کی جو اس سے زیادہ شریعت کا علم رکھتے تھے"

دیکھیں: الاعتصام ( 1 / 249 - 250 ).

اور شیخ بکر ابو زید حفظہ اللہ کہتے ہیں:

" اجتماعی ذکر: اس شکل اور ہیئت کا قاعدہ اور اصول جس کی جانب اس کا حکم لوٹتا ہے وہ یہ کہ:

ایك ہی آواز سے پست یا بلند آواز سے کوئی معین ذکر کرنا چاہے وہ حدیث سے ثابت ہو یا ثابت نہ ہو، اور چاہے وہ سب کی جانب سے ہو یا وہ کسی ایك شخص کے کہنے کے بعد کر رہے ہوں اور ہاتھ اٹھائیں یا نہ اٹھائیں یہ وصف اور شکل شرعی دلیل کے محتاج ہیں جو کتاب و سنت سے اس کے جواز پر دلالت کرتی ہو.

کیونکہ یہ عبادت میں داخل ہے اور عبادات توقیف اور اتباع و پیروی پر مبنی ہیں نہ کہ اپنی جانب سے ایجاد و اختراع پر؛ اس لیے ہم نے کتاب و سنت سے دلائل دیکھے تو ہمیں اس شکل پر کوئی دلیل نہ ملی، تو اس سے یہ ثابت ہوا کہ شریعت مطہرہ میں اس کی کوئی اصل نہیں ملتی اور جس کی شریعت میں اصل اور دلیل نہ ملتی ہو وہ بدعت ہے؛ تو پھر اس طرح یہ اجتماعی ذکر اور دعا بدعت ہوئی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا و پیروی کرنے والے ہر مسلمان شخص کو اسے ترک کرنا چاہیے اور اس سے بچنا چاہیے اور اس کے بدلے وہ مشروع طریقہ کا التزام کرے

"

دیکھیں: تصحیح الدعاء ( 134 ).

امام ۔ اور باقی سب اماموں ۔ کو چاہیے کہ وہ کوشش کریں کہ اوقاف اس کو ختم کرے، اور اس سلسلہ میں وہ وزارت اوقاف کو سنت نبویہ کے التزام کرنے کی نصیحت کریں.

تعلیم کی غرض سے امام کے لیے جائز ہے کہ وہ نماز پنجگانہ کے بعد نماز کے بعد سنت سے ثابت شدہ اذکار بلند آواز سے کرے، اور دعا کرے اور نمازی اس کی دعا پر آمین کہیں لیکن یہ صرف تعلیم کی غرض سے ہو گا نہ کہ فی ذاتہ فعل کی مقصد سے، اور یہ اوقاف سے چھٹکارا حاصل کرنے کا بھی وسیلہ بن سکتا ہے اور لوگوں کی تعلیم کا بھی اور تالیف قلب بھی حتی کہ جب وہ سنت کو سمجھ لیں تو امام بھی بلند آواز سے کہنا چھوڑ دے اور نمازی بھی چھوڑ دیں.

ہمارے بھائی اسی طرح آپ جو جماعت کے ساتھ بیٹھے رہتے ہیں اور اکیلے ہی اذکار مکمل کرتے ہیں وہ ان شاء اللہ اچھا اور بہتر معاملہ ہے، اور آپ کے دوسرے نوجوان بھائی جو اٹھ کر چلے جاتے ہیں اور اجتماعی دعا میں شریك نہیں ہوتے اگر تو اس کے نتیجہ میں مسجد کی جماعت میں کوئی خرابی پیدا ہوتی ہو، یا پھر دلوں میں نفرت اور نمازیوں کے دلوں میں بغض پیدا ہونے کا خدشہ ہو تو پھر اولی اور بہتر یہی ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ بیٹھے رہیں اور اکیلے ہی اپنے اذکار مکمل کر لیں.

لیکن اگر ان کے جانے سے مسجد کی جماعت میں کوئی خرابی و فتنہ پیدا نہیں ہوتا تو ان کے اس عمل میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں، بلکہ یہ مشروع ہے، اور اگر ان جانے والوں میں کوئی ایسا شخص ہو جس کی اقتدا کی جاتی اور بات مانی جاتی ہے اور اس کے جانے سے اس فعل کو روکا جا سکتا ہے تو اس کے حق میں مشروع یہی ہے کہ وہ وہاں سے نکل جائے اور لوگوں کوسنت کی تعلیم دے.

خلاصہ یہ ہے کہ:

نماز کے بعد اجتماعی دعا سنت کے مخالف ہے؛ اور اس جگہ سے نکل جانا مشروع عمل ہے، خاص کر اس شکل میں بلند آواز کرنے سے جو نمازیوں کو تشویش ہوتی ہیں؛ لیکن اکر وہاں سے نکل جانے کے نتیجہ میں کوئی خرابی و فساد پیدا ہوتا ہو وہاں بیٹھنا اولی و بہتر ہے اور آپ خود اذکار مکمل کریں حتی کہ وہ جماعت فارغ ہو جائے.

واللہ اعلم .